© rasailojaraid.com

آگے بڑھو

سرفروشو! حکمِ یزداں مان کر آگے بڑھو،
موت کو اپنی سعادت جان کر آگے بڑھو

کفر نے پھر نورِ ایمانی کو للکارا ہے آج
نوجوانو! اپنے سینے تان کر آگے بڑھو

سربکف آجاؤ پھر میداں میں لڑنے کے لیے
تیغ کے سائے میں جنت جان کر آگے بڑھو

خالد و طارق کی صورت رزم گاہِ کفر میں،
تیغ اُٹھا کر، اور سینہ تان کر آگے بڑھو

حیدرؓ و فاروقؓ کی تلوار کے وارث بنو
اپنا فرضِ منصبی پہچان کر آگے بڑھو

کفر تو عاجز ازل سے دشمنِ اسلام ہے
اس حقیقت کو حقیقت جان کر آگے بڑھو

© rasailojaraid.com